ماڈل پیپر "لائبریری سائنس"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

حصہ معروضی

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 17

تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) لائبریری کا لفظ کس زبان سے اخذ کیا گیا ہے؟
(الف) عربی　(ب) اردو　(ج) یونانی　(د) لاطینی

(ii) لائبریری مواد میں شامل ہیں۔
(الف) صرف کتاب　(ب) صرف اخبارات　(ج) صرف رسائل　(د) تمام کتابی و غیر کتابی مواد

(iii) عوامی کتب خانے قائم کیے جاتے ہیں۔
(الف) صرف بچوں کے لئے　(ب) صرف طلباء کے لئے　(ج) تمام افراد کے لئے　(د) صرف محققین کے لئے

(iv) پاکستان کا قومی کتب خانہ کہاں واقع ہے؟
(الف) کراچی　(ب) لاہور　(ج) اسلام آباد　(د) ملتان

(v) دنیائے اسلام کا پہلا کتب خانہ کون سا تھا؟
(الف) دارالحکمت　(ب) خزائن المنصور　(ج) بیت الحکمت　(د) الحکم ثانی

(vi) سب سے قدیم کتب خانہ کا کیا نام ہے؟
(الف) اسکندریہ　(ب) الحکم ثانی　(ج) آشور بنی پال　(د) بیت الحکمت

(vii) پہلا چھاپہ خانہ قائم ہوا۔
(الف) 1556ء میں　(ب) 556ء میں　(ج) 1454ء میں　(د) 1154ء میں

(viii) مخطوطہ کس کو کہتے ہیں؟
(الف) چھپی ہوئی تحریر کو　(ب) تصویر کو　(ج) ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریر کو　(د) فلم کو

(ix) پیپرس کا پودا کہاں اگایا جاتا تھا؟
(الف) چین میں　(ب) مصر میں　(ج) ترکی میں　(د) عراق میں

(x) دنیا کی سب سے بڑی لائبریری کا کیا نام ہے؟
(الف) برٹش میوزیم　(ب) لائبریری آف کانگرس
(ج) نیشنل لائبریری آف پاکستان　(د) نیشنل لائبریری آف انڈیا

(xi) دنیا کی سب سے بڑی لائبریری کس ملک میں واقع ہے؟
(الف) روس　(ب) انڈیا　(ج) امریکہ　(د) برطانیہ

(xii) پاکستان کی سب سے بڑی لائبریری کا کیا نام ہے؟

(الف) نیشنل لائبریری آف پاکستان، اسلام آباد (ب) پنجاب پبلک لائبریری، لاہور

(ج) قائداعظم لائبریری، لاہور (د) کراچی یونیورسٹی لائبریری

(xiii) تعلیمی کتب خانوں کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟

(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

(xiv) مائیکروفلم کو کس نے ایجاد کیا تھا؟

(الف) کارلائل (ب) لوئیس رابرٹ (ج) جے بی ڈانسر (د) تھامس ایڈیسن

(xv) یونیسکو کے مطابق کتاب کم از کم کتنے صفحات پر مشتمل ہوتی ہے؟

(الف)49 (ب) 59 (ج) 39 (د) 29

(xvi) جویان گٹھن برگ کا نام کس وجہ سے مشہور ہوا؟

(الف)طباعت (ب) کاغذ سازی (ج) ریڈیو (د) مائیکروفلم

(xvii) انفارمیشن کی اصطلاح سب سے پہلے کب استعمال کی گئی؟

(الف) 1959ء میں (ب) 1949ء میں (ج)1979ء میں (د) 1989ء میں

ماڈل پیپر "لائبریری سائنس"

برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ۔I

حصہ انشائی

وقت: 2-40 گھنٹے   کل نمبر: 68

نوٹ۔ سوال نمبر 1، 2، 3 اور 4 میں سے کوئی سے 22 (بائیس) مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں جواب تحریر کرتے وقت سوال کا نمبر ضرور تحریر کریں۔

حصہ اول

22x2=44

سوال نمبر 1۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) لائبریری سائنس سے کیا مراد ہے؟

(ii) قومی کتب خانہ کی تعریف کیجئے۔

(iii) چار عوامی کتب خانوں کے نام لکھیں۔

(iv) کتابی مواد سے کیا مراد ہے؟

(v) معاشرہ میں کتب خانہ کے دو فوائد بیان کریں۔

(vi) چار مشہور رسائل و جرائد کے نام لکھئے۔

(vii) مائیکروفلم سے کیا مراد ہے؟

(viii) چرمی کاغذ (پارچمنٹ) سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 2۔ مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) کتاب کی دو خصوصیات بیان کریں۔

(ii) خطِ منحنی کیا ہے؟

(iii) حروف تہجی سے کیا مراد ہے؟

(iv) پاکستان کی قومی لائبریری کا کیا نام ہے؟

(v) دنیا کی سب سے بڑی لائبریری کون سی ہے؟

(vi) پاکستان کی سب سے بڑی لائبریری کون سی ہے؟

(vii) تعلیمی کتب خانوں کی اقسام لکھیں۔

(viii) مطالعہ کے دو مقاصد بیان کریں۔

سوال نمبر 3- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) ویلم (جھلی نما کاغذ) کسے کہتے ہیں؟

(ii) لائبریری مواد کے تین مقاصد تحریر کیجئے۔

(iii) گلوب کسے کہتے ہیں؟

(iv) مطالعہ کی تعریف کریں۔

(v) کتب خانہ کے مواد کے استعمال کو موثر بنانے کے تین طریقے تحریر کیجئے۔

(vi) لائبریری مواد کے تحفظ کے تین طریقے بیان کیجئے۔

(vii) کتاب کی تین خصوصیات بیان کیجئے۔

(viii) لائبریری سائنس کے پانچ اصول کس نے دیے؟

سوال نمبر 4- مختصر سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

(i) پیپرس سے کیا مراد ہے؟

(ii) طباعت کے چار طریقوں کے نام لکھیں۔

(iii) کتاب کی تعریف کریں۔

(iv) پاکستان کے قومی کتب خانہ کا نام کیا ہے؟

(v) غیر کتابی مواد کی پانچ اقسام لکھئے۔

(vi) فلم اسٹرپ سے کیا مراد ہے؟

(vii) پبلک لائبریری کے دو مقاصد بیان کیجئے۔

(viii) انفارمیشن سے کیا مراد ہے؟

(ix) انفارمیشن کے دو ذرائع کے نام لکھئے۔

حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 8x3 = 24

سوال نمبر 5۔ عوامی کتب خانے سے کیا مراد ہے؟ اس کے فرائض کی وضاحت کیجئے۔ 8

سوال نمبر 6۔ کتابی مواد سے کیا مراد ہے؟ اس کی مختلف اقسام بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 7۔ قدیم ذرائع تحریر کون سے ہیں؟ تفصیلاً بیان کیجئے۔ 8

سوال نمبر 8۔ مطالعہ کا ذوق پیدا کرنے والے عوامل کی وضاحت کیجئے۔ 8

سوال نمبر 9۔ جدید دور میں انفارمیشن کی اہمیت پر مفصل نوٹ لکھئے۔ 8